ilmkidunya

Psychology - FA Part 2 Psychology Urdu Medium Chapter 1 Short Questions Test

Q1. وقوفی نمو سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: وقوفی نمو وہ منظم تبدیلی ہے جو فرد کے ذہنی افعال و اعمال کی مدد سے مختلف چیزوں سے واقفیت اور فکری عمل سے تعلق رکھتی ہے.یہ ذہنی نشونما سے متعلق ہے جس میں یاداشت، تفکر،بصیرت اور تخلیق وغیرہ کے اعمال ہیں.

Q2. بچوں کی پرورش کے تربیتی انداز کتنے ہوتے ہیں؟

Ans 1: بچوں کی پرورش کے تربیتی انداز دو طرح کے ہوتے ہیں. 1.آمرانہ انداز 2.غیر مزاحمتی انداز

Q3. کیمیائی سعادت کس کی تصنیف ہے؟

Ans 1: کیمیائے سعادت امام غزالی(رح) کی تصنیف ہے.

Q4. جسمانی نشونما سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: جسمانی نشونما کا مطلب استقرارحمل سے موت کا دور ہے.ہم پوری زندگی کو آٹھ مدارج میں تقسیم کرتے ہیں.

Q5. جسمانی نشونما کا آغاز کب ہوتا ہے؟

Ans 1: جسمانی نشونما کا آغاز قبل پیدائش شکم مادر کے عرصے سے ہوتا ہے.

Q6. پیاجے کے بیان کردہ ٹھوس عملی درجے کا دورانیہ کیا ہے؟

Ans 1: پیاجے کے بیان کردہ ٹھوس عمل کا دورانیہ 7 سے 11 سال تک کی عمر ہے.

Q7. نشونما کی تعریف کریں.

Ans 1: نشونما سے مراد ترتیب وار اور مربوط تبدیلیوں کا ارتقائی سلسلہ ہے جس میں کمیتی اور کیفیتی دونوں قسم کی تبدیلیاں پائی جاتی ہے.

Q8. بالیدگی اور بلوغت میں کیا فرق ہے؟

Ans 1: بالیدگی انسان میں صرف کمیتی یا مقداری تبدیلی ہے جبکہ بلوغت ایک خاص عمر کے درجہ کی ضرورت کے مطابق افعال کو سرزد کرنے کی تیاری کا نام ہے.

Q9. کشمکش کی کتنی اقسام ہیں؟

Ans 1: کشمکش کی تین اقسام ہیں.

Q10. پیاجے کے مطابق حسی حرکی درجہ دورانیہ کیا ہے؟

Ans 1: پیاجے کے مطابق حسی حرکی درجہ کا دورانیہ 2 سال ہے.